سوال

منی پاک ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے اپنی بیوی سے صحبت کی پھر اٹھ کر غسل کیا اور نماز فجر ادا کرلی تو سوال یہ ہے کہ کیا میں اس بستر پر دوبارہ سوسکتا ہوں۔ اور اس چادر کو اوڑھ سکتا ہوں۔ جس میں میں نے اپنی بیوی سے صحبت کی ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

منی پاک ہے اس سے انسان یا اس کا بستر ناپاک نہیں ہوتا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ:

كنت افركه من ثوب النبى صلى الله عليه وسلم فركا ثم يصلى فيه (سنن ابی داود)

''میں اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے کھرچ دیا کرتی تھی۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی کپڑے میں نماز ادا فرمالیا کرتے تھے۔''

لیکن اس کی شرط یہ ہے کہ خروج منی سے پہلے جب آدمی نے پیشاب کیا ہو تو پانی سے استنجاء کیا ہو یا شرعی طریقوں کے مطابق ڈھیلوں کو استعمال کیا ہو اور اس نے اگر ایسا نہ کیا ہو تو پھر تو منی پاک ہے۔ لیکن نجس مقام سے ملنے کی وجہ سے نجس ہوجائے گی۔ منی چونکہ پاک ہے اس لئے مرد کے لئے یہ جائز ہے کہ اس بستر پر سوجائے اور اس چادر کو اوڑھ لے جس میں اس نے اپنی بیوی سے صحبت کی ہو۔ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص304